# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 2 کے لیے



# ٹیچر کے لیے ہدایات

- تصویروں اور کہانی سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ہی بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات کریں۔ بچوں کے خیالات کو رد نہ کریں' جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔ الفاظ کی ادائیگی اور سوالات کے مکمل جواب دینے میں بچوں کی مدد کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 8 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دوہرائی کروائیں' کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لیے دیں۔
- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

20 منٹ • بچوں کو یہ نظم سنائیں اور نظم پر بات چیت کریں۔

صبح اسکول جانا ہے
ہاں ہاں ہاں
جلدی سو کر اٹھنا ہے
نا نا نا
جانے کی ہاں اٹھنے کی نا
ایسے کیسے چلے جہاں

کپڑے بدلنے ہیں
ہاں ہاں ہاں
پہلے نہانا ہے
نا نا نا
بدلنے کی ہاں نہانے کی نا
ایسے کیسے چلے جہاں

ناشتہ کرنا ہے
ہاں ہاں ہاں
دانت برش کرنا ہے
نا نا نا
ناشتے کی ہاں برش کی نا
ایسے کیسے چلے جہاں

کلاس سے باہر کھیلنا ہے
ہاں ہاں ہاں
نئی کہانی سننا ہے
ہاں ہاں ہاں
کھیلنے کی ہاں کہانی کی ہاں
ایسے میرا چلے جہاں۔

- **25 منٹ** بچوں سے پوچھیے کہ وہ کن چیزوں کے لیے ضد کرتے ہیں۔ ان کے ضد کرنے پر امی/ ابو کیا کہتے ہیں۔ باری باری سب بچوں کو اپنی بات کہنے کا موقع دیں۔

# سیشن 2

- **15 منٹ** کتاب ''**نہیں**'' بچوں میں تقسیم کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ خاموشی سے کتاب کے ہر صفحے کو غور سے دیکھیں اور کہانی پڑھنے کی کوشش کریں۔ بچوں کو کہانی پڑھ کر سنائیں۔

- **25 منٹ** کہانی سے متعلق بچوں سے سوالات کریں۔ مثلاً

1) cover page پر کن چیزوں کی تصویریں ہیں؟
2) بچی کا کیا نام ہے؟
3) اس نے کس کس بات پر نہیں کہا؟
4) اس نے نہیں کیوں کہا؟

اس بات کا خیال رکھیں کہ ہر بچے کو بولنے کا موقع ملے۔ اگر بچے نامکمل جواب دیں یا ایک لفظ میں جواب دیں تو ان کی مکمل جملے بولنے میں مدد کریں۔

### ہوم ورک

- **5 منٹ** اپنے امی ابو کو کہانی ''**نہیں**'' پڑھ کر سنائیں۔

# سیشن 3

**25 منٹ** • بچوں کو کہانی پڑھ کر سنائیں۔ 10 - 8 بچوں سے ایک ایک صفحے کی انفرادی پڑھائی کروائیں۔ جن بچوں کو پڑھنے میں مدد کی ضرورت ہو ان کی مدد کریں۔

**20 منٹ** • بچوں سے پوچھیں کہ وہ کن باتوں پر **نہیں** کہتے ہیں۔ بچے جن باتوں پر نہیں کہتے ہیں ٹیچر وہ الفاظ بورڈ پر لکھتی جائیں۔ جیسے نہانا، جلدی سونا، ہوم ورک کرنا وغیرہ۔ بچے کم از کم دو الفاظ کوپی میں لکھیں اور تصویر بنائیں اور تصویر کے ذریعے بتائیں کہ وہ کس بات پر **نہیں** کہتے ہیں۔

# سیشن 4

**15 منٹ** • 8 - 6 بچوں سے کہانی کا ایک ایک صفحہ پڑھوائیں۔

**10 منٹ** • بچوں کو بتائیں کہ اس کہانی میں سے ہم ایسے الفاظ تلاش کرکے بورڈ پر لکھیں گے جن کی ضد (opposite) ہوتی ہے۔ نیچے دیے گئے الفاظ لکھ کر بچوں سے پڑھوائیں۔

| الفاظ | ضد | الفاظ | ضد |
|---|---|---|---|
| صبح | شام | گرمی | سردی |
| آؤ | جاؤ | باہر | اندر |
| نہیں | ہاں | ٹھنڈا | گرم |
| اچھا | برا | سونا | جاگنا |

**20 منٹ** • بچے اپنی کوپی نکالیں اور بورڈ پر لکھا ہوا کام کوپی میں لکھیں۔

# سیشن 5

10 منٹ • 6 - 4 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

10 منٹ • بچوں سے پوچھیں کہ وہ ناشتے میں کیا کھاتے ہیں۔ بچوں سے healthy food کے بارے میں بات چیت کریں۔ بورڈ پر کھانے کی چیزوں کے نام لکھیں۔

25 منٹ • بچے اپنے پسندیدہ کھانوں کی تصویریں بنائیں، ان میں رنگ بھریں اور کھانوں کے نام لکھیں۔ بچوں کی اس کام میں مدد کریں۔

# سیشن 6

10 منٹ • 6 - 4 بچوں سے کہانی کی انفرادی پڑھائی کروائیں۔

25 منٹ • مختلف کھیلوں کے نام بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ بچوں سے ان کے پسندیدہ کھیلوں کے بارے میں پوچھیں۔ بچے اپنی کوپی میں کسی بھی ایک اپنی پسند کے کھیل کی تصویر بنائیں اور اس کھیل کا نام لکھیں۔ بچوں کی اس کام میں مدد کریں۔

**ہوم ورک**

10 منٹ • بورڈ پر نیچے دیے گئے الفاظ لکھیں۔

کھانا چلیں کہانی کتاب نہیں

بچے کوپی میں اتاریں۔ گھر سے الفاظ کا توڑ کر کے لائیں۔

کھانا: کھ + ا + ن + ا

# سیشن 7

- **15 منٹ** • بچوں کو بتائیں کہ جب ہم جملے بناتے ہیں تو مددگار الفاظ (helping words) جملے ترتیب دینے میں ہماری مدد کرتے ہیں۔ مثال کے ساتھ سمجھائیں۔ بورڈ پر مددگار الفاظ لکھ کر بچوں سے پڑھوائیں۔

- **25 منٹ** • کتاب میں سے مددگار الفاظ تلاش کرکے بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں لکھیں۔
  نہیں مجھے ہے اور میرے میں ہاں کی کو نے
  بچے یہ الفاظ پڑھیں اور مختلف الفاظ کو جملوں میں استعمال کرکے زبانی جملے بنائیں۔

**ہوم ورک**

- **5 منٹ** • کسی 4 مددگار الفاظ سے جملے بنائیں۔

**ٹیچر کے لیے نوٹ**


سیشن 8 کے لیے ایک بڑی گھڑی کا انتظام کرلیں۔ A4 سائز کے کاغذ پر گھڑی بغیر سوئیوں کے بنا کر بچوں کی تعداد کے مطابق فوٹو کوپی کروا لیں۔

# سیشن 8

- **10 منٹ** • بچوں کو گھڑی دکھائیں اور چھوٹی سوئی گھما کر وقت (مثلاً 8 بجے، 9 بجے، 10 بجے وغیرہ) دیکھنا سمجھائیں۔

- **15 منٹ** • بچوں سے دن کے مختلف گھنٹوں پر زبانی بات چیت کریں۔ مثلاً صبح اٹھنے کا وقت، اسکول سے چھٹی کا وقت، شام کو کھیلنے کا وقت، رات کو سونے کا وقت۔ اس کے علاوہ اگر بچے کسی اور وقت کے بارے میں بتانا چاہیں تو ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ وقت متعین ہونے کے بعد گھڑی پر بچوں کو سوئیوں کے ذریعے وقت دیکھنا بتائیں۔

20 منٹ • بچوں میں گھڑی کی فوٹو کوپی تقسیم کریں۔ بچے کالے رنگ سے بڑی سوئی فوٹو کوپی میں دی گئی گھڑی میں 12 پر بنائیں۔ پھر 4 مختلف رنگوں سے چھوٹی سوئیاں بنا کر دیے ہوئے چار وقتوں کی نشاندہی کریں۔



# نہیں

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup